بسنت پکچرز کا بہترین و نایاب ڈرامہ

علاؤالدین

अलाउद्दीन

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اداکاران:۔ مینا کماری۔ پُشپا۔ ارملا۔ عبداللہ وغیرہ وغیرہ

گانے

شرما کے ذرا۔ اے مست ادا۔ اتنا تو بتا

دل تُو نے ہے کس کو دیا

پلکوں کی نیا کے ڈوری ڈوری۔ دل کس کو نکالے چوری چوری
چہرے سے ہٹا زلفوں کی گھٹا۔ صورت تو دکھا تھوڑی گوری
صورت تو دکھا اے مست ادا۔ اتنا تو بتا۔ تُو نے .....
بے جنکی جڑی شعلے شعلے۔ انداز بڑے ہیں بھولے بھولے
ہم ان پہ مرے ہم ان پہ جئے نظروں نے کہا ہولے ہولے
نظروں نے کہا۔ دُنیا سے جدا ہے پیار میرا۔ دل ہم نے ہے اسکو دیا
تیرے حسن کو دیکھے تارا تارا۔ جیسے چاند ملا ہے پیارا پیارا
جس نے بھی تیرا دیدار کیا۔ دل اپنا ہارا ہارا
دیدار تیرا اے مست ادا۔ اتنا تو بتا۔ دل تُو نے .....
بادل ہیں خوشی کے چھائے چھائے ہنسنے کے زمانے آئے آئے
وہ شوخ نظر وہ جانِ جگر۔ اُلفت کا مزہ اے ہائے
اُلفت کا مزا دُنیا سے جدا وہ پیارا۔ دل ہم نے ہے کسکو دیا

نمبر ۲

شہزادی:- بتا دل کے قفس میں کیوں جوانی گھٹ کے مرتی ہے
یونہی! لعنت کے ماروں پر یہ دنیا ظلم کرتی ہے
ذرا سی جان ہے لیکن یہاں قاتل ہزاروں ہیں
کوئی بیدرد کیا جانے ہم پر کیا گزرتی ہے
علاؤالدین:- محبت میں مصیبت ہے۔ یہ قدرت کی حقیقت ہے
جہاں پانی برستا ہے وہاں بجلی بھی گرتی ہے
شہزادی:- اری یہ بیتری دیوارو میرے اشکوں سے مت کھیلو
فلک بھی ڈوب جاتا ہے۔ گھٹا جب آ کے گرتی ہے
علاؤالدین:- بڑا ظالم زمانہ ہے ستائے جس کا جی چاہے
کسی کی کچھ نہیں چلتی کہ جب قسمت بدلتی ہے

نمبر ۳

ہو سکے تو دل کے بدلے دل عنایت کیجئے
کہہ رہی ہے ہر نظر ہم سے محبت کیجئے
مسکرا کے پیار کی آباد جنت کیجئے
اس طرح پوری کسی کے دل کی حسرت کیجئے
دور سے تڑپا کے مجھکو دے رہی ہو کیوں سزا

بے اجازت دل لگانے میں نہیں کچھ بھی مزا
مال اپنا جان کے بے خوف الفت کیجئے
شربتی آنکھوں سے نغمے چھیڑ دو برسات کے
ڈوب جائیں گے نگاہوں میں سمندر راس کے
ہو چکا ہونا تھا جو اب ہم کو رخصت کیجئے
دیر کیا ہے کس لئے اقرار سے انکار ہے
حور کو لنگور سے الفت کا یہ دشوار ہے
مفت میں بدنام ہو ایسی نہ حرکت کیجئے
کیا مصیبت ہے کہ دل کی دھڑکنیں بیتاب ہیں
دھڑکنوں میں نوجوانی کے سہانے خواب ہیں
ان حسین خوابوں کی دنیا پر حکومت کیجئے

جادوگر: منبجر

او بھائیو مہربانو۔ بچو بوڑھو نوجوانو۔ ہا۔
میں کوہ قاف سے آیا ہوں۔ نئے چراغ لایا ہوں
لاؤ پرانا دو۔ گا پیسہ دینا کچھ نہ لوں گا۔ لوٹو۔ لوٹو
تاجر ہوں ایرانی ہے نام میرا رمضانی
کو لا لیکر آ جلا دینا سودا ہے ملتانی۔ یار و سودا۔۔

یں جہاں بھی گیا بول بالا ہوا سب سے اعلیٰ ہے میرا چراغ
جب یہ گھر میں جلے سب سے پیارا لگے
جیسے سہرا میں پھولوں کا باغ

اس کی نشانی جلتی جوانی
جوڑنا زمانے بھر کا رستہ اپنے گھر کا
باتیں بنانا ایسی ویسی۔ حرکتیں بندر جیسی صورت کلندر جیسی
ہم کو سنائے کیسی کیسی
ہائے حسینو ادبے لقینو
خاص نشینوں کی نہ مانی ہے نہ مانی ہے
ایک دُم کی کسر ہے بیٹھے بغیر۔ ورنہ لنگور کی ہے یہ ذات
او میری جان و جگر جیر خانی نہ کر۔ دیکھ اچھی نہیں ہے یہ بات

موفیہ:۔ موچھیں ہیں بھاری بھاری
جادوگر:۔ اری لگتی ہے پیاری پیاری
موفیہ:۔ جیسے داڑھی والا بکرا
جادوگر:۔ ارے داڑھی والا بکرا۔ منہ کو سنبھال لڑکی
موفیہ:۔ دیتا ہے کس کو جھڑکی ہے
جادوگر:۔ ہائے رے ہائے تیرا نخرا

صوفیہ:۔ سُن رے مداری

جادوگر:۔ ہو ہو ہو کیا ہے بیماری

صوفیہ:۔ ارے تیری حجامت بنانی ہے بنانی ہے

جادوگر:۔ ایک تاجر ہوں ایرانی۔ ہے نام میرا رمعانی

کالا لیکر اجلا دینا سودا ہے سُلطانی

شہزادی:۔ نمبر ۵

انصاف کر او آسمان۔ او آسماں

اِک طرف تنہا محبت اِک طرف سارا جہاں

آسرے برباد کر ڈالے ہیں تُو نے سنگیں

کون ہے کس کو سنائیں اپنے دل کا آسرا۔ او...

ساری دُنیا میں ہمیں بس تجھکو آئے تھے نظر

کس لئے تُو نے مٹایا پیار کا نام و نشاں۔ او....

شہزادی:۔ نمبر ۶

محبت کو نہ بھولیں گے بسوں پہ دم جہاں تک ہے

زمانے چل ذرا تجھکو بھی دیکھے تُو کہاں تک ہے

ظلم دُنیا کے سہیں اور چپ رہیں

اپنی قسمت میں یہی ہے کیا کریں۔

روک لو آنسو نہ بہنے دو انہیں ۔ دل میں ہی بہنے دو انہیں
کچھ اثر جن میں نہ ہو دکھیا نہیں ہیں ۔ غم کے ....
دُور آنکھوں سے میرے دلدار ہیں ۔ دھڑکنیں بیزار ہیں
زندگی کیا بن گئی کیا کہیں ۔ غم کے مارے ....

منیجر

آنکھوں میں جادو بھر بھر کے ۔ پیار کی باتیں کر کر کے
ہائے صنم نے لوٹ لیا ۔ ہائے ہائے صنم نے لوٹ لیا
تونے ہم کو پیار کیا ہے ۔ اُلفت کا اظہار کیا ہے
آنکھوں کو جب چار کیا ہے ظالم نے اقرار کیا ۔ ہائے ...
ہوگا ہر انداز نرالا ۔ جادوگر نے جادو ڈالا
مستی میں دل رہنے لگا ۔ ہنس ہنس کے یہ کہنے لگا ہائے

صنعت وحرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ کس طرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ چند دنوں میں نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے یورپ۔ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے ریسنکڑوں اشیاء بنانے کے قیمتی نسخے۔ صابن تیل۔ کریم اور روزمرہ زندگی میں کام آنے والی سینکڑوں چیزوں کو بنانے نیز بکری کرنے کے طریقے درج کئے ہیں گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے ہزارہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف -/3 محصول ڈاک معاف

ملنے کا پتہ:

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)